# مطالعہ پاکستان گیس پیپر
## کلاس نہم

**نوٹ : سٹوڈنٹس باب 1 اور 2 کے انشائیہ سوالات کرنے سے 16 نمبر کے پہلے 2 سوالات حل ہوجائیں گے ۔ باقی باب 3 اور 4 کے سوالات ایکسٹرا ہیں آپ کرنا چاہتے ہیں تو کرلیں ۔ نہیں تو انشائیہ کے لیےپہلے 2 چیپٹرز ہی کافی ہیں ۔**

### باب: 1

**مختصر سوالات**

تمام سوالات اہم ہیں۔

**انشائیہ سوالات**

9،8،7،6

### باب: 2

**مختصر سوالات**

15،13،12،11،10،9،8،7،6،5،2

**انشائیہ سوالات**

10،9،8،6،5

### باب: 3

**مختصر سوالات**

13،10،9،6،5،4،2

**انشائیہ سوالات**

14،12،11،10،9،7،5

### باب : 4

**مختصر سوالات**

14،13،11،10،9،7

**انشائیہ سوالات**

14،12،12،11،9،8،7،5

### باب: 5

**مختصر سوالات**

3،1

**انشائیہ سوالات**

اس باب میں سے کوئی بھی لانگ سوال نہیں آئے گا۔

======== The End =======

## نوٹ

سٹوڈنٹس اگر آپ مطالعہ پاکستان میں سے پورے مارکس لینا چاہتے ہیں تو اوپر اور نیچے دیے ہوئے تمام سوالات اچھی طرح یاد کر لیں اور ساتھ معروضی مشق سے تیار کر لیں۔ انشاءاللہ 50/50 نمبر آجائیں گے۔

**1. علامہ اقبال نے اپنے مشہور خطبہ الہ آباد میں کیا فرمایا۔**

**جواب:** پہلے پہل علامہ اقبال بھی ہندو مسلم اتحاد کے حامیوں میں سے تھے، لیکن ہندوؤں کی تنگ نظری اور متعصب رویے کی بنا پر آپ مسلمانوں کے لیے الگ ریاست کا مطالبہ کرنے پر مجبور ہو گئے۔ آپ نے 1930 میں اپنے مشہور خطبہ الٰہ آباد میں مسلمانوں کے لیئے الگ ریاست کا مطالبہ کیا تاکہ مسلمان اس میں رہ کر اپنے مذہب اور ثقافت کے مطابق زندگی گزار سکیں۔

**2. نظریہ سے کیا مراد ہے۔**

**جواب:** نظریہ سے مراد ایسا ضابطہ یا پروگرام ہے جس کی بنیاد فلسفہ تفکر پر رکھی گئی ہو اور انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں مثلا سیاسی، معاشرتی اور تہذیبی مسائل کے حل کے لیے کوئی منصوبہ بنایا گیا ہو۔

**3. عقیدہ رسالت سے کیا مراد ہے۔**

جواب: عقیدہ رسالت کا مطلب ہے رسولوں پر ایمان لانا۔ دائرہ اسلام میں داخل ہونے کے لیے ضروری ہے کہ رسالت کو دل و جان سے تسلیم کیا جائے اور کسی اعتبار سے بھی اس میں شک وشبہ نہ کیا جائے۔ حضرت محمد ﷺ کو اللہ تعالی کا آخری رسول ماننا عقیدہ رسالت کا لازمی جزو ہے۔

**4. عبوری حکومت میں شامل چار مسلم لیگی وزرا کے نام لکھیں۔**

1. لیاقت علی خان
2. سردار عبدالرب نشتر
3. آئی۔آئی چندریگر
4. راجہ غضنفر علی خاں

5. پاکستان میں واقع چار گلیشیئرز کے نام لکھیں۔

I. سیاچن

II. بولتورہ

III. بیافو

IV. ریمو

6. جولائی 1948ء کو قائد اعظم نے اسٹیٹ بینک کا افتتاح کرتے ہوئے کیا فرمایا۔

**جواب:** قائد اعظمؒ نے سٹیٹ بینک کا افتتاح کرتے ہوئے فرمایا:

مغرب کے معاشی نظام نے انسانیت کے لیے ناقابل حل مسائل پیدا کیے ہیں اور یہ لوگوں کے درمیان انصاف قائم کرنے میں ناکام رہا ہے۔ ہمیں دنیا کے سامنے ایک ایسا معاشی نظام پیش کرنا ہے چاہیے جو اسلام کے صحیح تصور مساوات اور سماجی انصاف کے اصولوں پر مبنی ہو۔

7. دہشت گردی سے کیا مراد ہے۔

**جواب:** کسی سیاسی یا ذاتی مقصد کے حصول کے لیے تشدد کا استعمال یا استعمار کی دھمکی ایک بڑے گروپ کے خلاف چھوٹے گروپ کی جانب سے ہو تو دہشت گردی کہلاتی ہے۔

8. ریگستان تھل کے بارے لکھیں۔

**جواب:** پاکستان کا دوسرا ریگستان تھل ہے۔ جو دریائے جہلم اور دریائے سندھ کے درمیان واقع ہے۔ اس کے کچھ حصوں کو دریائے سندھ سے نہریں نکال کر سیراب کیا گیا ہے۔ نہروں کے علاوہ ٹیوب ویلوں کے ذریعے بھی آبپاشی کی جاتی ہے۔ کہیں کہیں بارانی کاشت بھی دیکھنے کو ملتی ہے۔

9. قدرتی خطے سے کیا مراد ہے۔

**جواب:** قدرتی خطے سے مراد ایسا علاقہ جس میں سطح زمین کی بلندی، پستی، موسم، نباتات، حیوانات اور لوگوں کے رہن سہن کے طریقے ایک جیسے ہوں۔

10. دہشت گردی کے اہداف کیا ہیں؟

**جواب:** دہشت گردی کے مندرجہ ذیل اہداف ہیں۔

i. تعلیمی ادارے

ii. مذہبی اور سیاسی اجتماعات

11. دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے کونسے ادارے کام کر رہے ہیں۔

جواب: دہشت گردی سے نپٹنے کے لیے مندرجہ ذیل ادارے کام کر رہے ہیں۔

i. پاک فوج

ii. پولیس

iii. خفیہ ایجنسیاں

12. تحفظ نسواں ایکٹ 2016ء عورتوں کو کیسے تحفظ فراہم کرتا ہے۔

جواب: یہ ایکٹ تشدد زدہ متاثرہ خواتین کو مختلف جرائم سے تحفظ دے کر انصاف فراہم کرتا ہے جیسے تشدد کے اظہار، گھریلو بد سلوکی، جذباتی اور نفسیاتی بے ہودگی، معاشی تنگی، پیچھا کرنا اور سائبر کرائمز وغیرہ۔

13. ماحول کی تعریف کریں۔

جواب: ہمارے ارد گرد موجود تمام عوامل اور اشیاء جو ہم پر براہ راست اثر انداز ہوں، ماحول کہلاتا ہے۔

14. کے۔ٹو کے بارے مختصر لکھیں۔

جواب: دنیا کی دوسری بلند ترین چوٹی کے۔ٹو ہے جس کی بلندی تقریباً 8611 میٹر ہے۔

15. صحرا کسے کہتے ہیں۔

جواب: ایسا علاقہ جہاں سالانہ بارش 10 انچ سے کم ہو، صحرا کہلاتا ہے۔

16. سی آر فارمولا 1994ء کے کوئی سے دو اہم نکات بیان کریں۔

جواب: 1) یہ فارمولا کانگرس اور مسلم لیگ کے درمیان سمجھوتے کی بنیاد ہے جس پر گاندھی اور قائداعظمؒ متفق ہوں گے اور وہ اپنی اپنی جماعتوں سے منظور کرانے کی کوشش کریں گے۔

2) جنگ عظیم دوم ختم ہوگی تو ایک مخصوص کمیشن بنایا جائے گا جو ہندستان کے شمال مشرق اور شمال مغرب کے ایسے متصلہ اضلاع کی حدود کا تعین کرے گا جہاں مسلمانوں کی قطعی اکثریت ہے۔

17. مسلم لیگ نے کیوں اور کب یوم نجات منایا۔

جواب: مسلم لیگ نے 22 دسمبر، 1939ء کو یوم نجات منایا کیوں کہ کانگریس نے وزارتوں سے استعفیٰ دے دیا تھا۔

18. ایسٹ انڈیا کمپنی کا خاتمہ کب اور کیوں ہوا۔

جواب: 1857ء میں برصغیر کے رہنے والوں نے انگریزوں کی حکومت کو ختم کرنے کی کوشش کی لیکن کمزور منصوبہ بندی، تنظیم کے فقدان اور محدود وسائل کی وجہ سے کامیاب نہ ہوسکے۔ اس طرح برصغیر پر انگریزوں کا نوآبادیاتی راج مکمل طور پر قائم ہوگیا۔ 1858ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی کو ختم کر دیا گیا اور برصغیر کو تاج برطانیہ کی براہ راست عملداری میں دے دیا گیا۔

19. طبعی ماحول سے کیا مراد ہے۔

جواب: طبعی ماحول سے مراد محل وقوع، طبعی خدوخال اور آب و ہوا ہے۔

20. پہاڑ کی تعریف کریں۔

جواب: خشکی کے اس بلند قطعے کو پہاڑ کہتے ہیں جس کی سطح پتھریلی، ناہموار، ڈھلوان دار اور سطح بلند ہو۔

21. دہشت گردی کی دو وجوہات بیان کریں۔

جواب: دہشت گردی کی دو وجوہات مندرجہ ذیل ہیں۔

i. دشمن ممالک کی ریشہ دوانیاں

ii. فرقہ واریت کا فروغ

22. پنجاب تحفظ نسواں تشدد ایکٹ 2016ء کے تحت کون سے جرائم آتے ہیں۔

جواب: پنجاب تحفظ نسواں تشدد ایکٹ 2016ء کے تحت مندرجہ ذیل جرائم آتے ہیں۔

i. گھریلو بدسلوکی

ii. جزباتی اور نفسیاتی بے ہودگی

iii. معاشی تنگی

iv. پیچھا کرنا

v. سائبر کرائمز

23. میدان کی تعریف کریں۔

جواب: ایک وسیع، کم ڈھلوان اور نسبتاً ہموار سطح کو میدان کہتے ہیں۔

24. نوآبادیاتی نظام کیا ہے؟ اور اسکا مقصد کیا تھا۔

جواب: یورپی اقوام نے ایشیا اور افریقہ کے دیگر ممالک پر اپنا اقتدار قائم کر کے جو نظام حکومت قائم کیا اسے نوآبادیاتی نظام کہتے ہیں۔
اسکا مقصد یہ تھا کہ دوسرے ممالک میں اقتدار قائم کر کے وہاں کے وسائل کو حاکم قوم اپنے فائدے کے لیے استعمال کرے۔

25. 1965ء کی جنگ میں پاکستان بحریہ کا کیا کردار تھا۔

جواب: جنگ کے دوران پاکستان بحریہ بھی پوری طرح چوکس رہی۔ اس نے کاٹھیاواڑ کے ساحل پر واقع دوارکا کے مشہور بھارتی بحری اڈے کو تباہ کر کے ایک عظیم کارنامہ سرانجام دیا۔ جب بھارت نے پاک بحریہ کا مقابلہ کرنے کے لیے اس کے ایک یونٹ پر اچانک حملہ کیا تو پاک بحریہ نے بھارت کا ایک جنگی بحری جہاز ڈبو دیا اور باقی بھارتی بحری جہاز دم دبا کر بھاگ گئے۔

38. جنگ آزادی 1857ء میں ہندستانیوں کی ناکامی کے دو اسباب لکھیں۔

جواب: جنگ آزادی میں ہندوؤں نے مسلمانوں کا ساتھ دینے کا فیصلہ کیا لیکن بعد میں انہوں نے مسلمانوں کو تمام کاروائیوں کا ذمہ دار قرار دیا اور خود بری الزمہ ہو گئے۔ مسلمان جدید اسلحہ سے لیس نہ تھے اس لیے طاقت ور حکمرانوں کا مقابلہ نہ کر سکے۔ مسلمان معاشی طور پر غیر مستحکم تھے اس لیے طاقت ور حکومت کے سامنے نہ ٹھہر سکے۔

39. ٹیپو سلطان کا تعارف دو سطروں میں کریں۔

جواب: ٹیپو سلطان میسور کی مسلمان ریاست کے حاکم حیدر علی کا بیٹا اور ولی عہد تھا۔ حیدر علی کی وفات کے بعد ان کے بیٹے سلطان فتح علی خاں ٹیپو نے انگریزوں کے خلاف جہاد جاری رکھا۔ انگریزوں نے نظام حیدر آباد اور مرہٹوں سے ساز باز کر کے 1799 میں میسور کی لڑائی میں ٹیپو سلطان کو شہید کر دیا۔

40. پاکستان میں دو سطح مرتفع کی اقسام تحریر کریں۔

جواب: 1۔ سطح مرتفع پوٹھوار

2۔ سطح مرتفع بلوچستان

41. پاکستان کی آئین ساز اسمبلی نے کب اور کیسے اپنا صدر منتخب کیا۔

جواب: آغاز میں پاکستان کی آئین ساز اسمبلی 69 ارکان پر مشتمل تھی۔ بعد میں تعداد 79 ہو گئی۔ مولوی تمیز الدین اسمبلی کے پہلے اسپیکر تھے۔ اس اسمبلی نے 11 اگست 1947 کو قائد اعظم کو اپنا صدر منتخب کیا۔

42. پاکستان کی کوئی سی دو ابتدائی مشکلات بیان کریں۔

جواب: 1۔ مہاجرین کی آباد کاری

2۔ انتظامی مشکلات

═══════════ The End ═══════════